2

مَعَ اسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ السَّلٰمِ ○ اَللّٰھُمَّ الْوَاحِدُ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ صَلِّ وَسَلِّمْ مُکَرَّرًا عَلٰی مَوْلَائِیْ مُرَادِکَ مَا صَلَّی اللّٰہُ وَسَلَّمَ لَمَّا اَوْرَدَ اللّٰہُ وُدَّہٗ مَعَ کَلَامِہٖ صِرْ مُحَمَّدًا حَمْدُہُ الدَّائِمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَکَلَامُکَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَمَا صَلّٰی وَسَلَّمَ کُلُّ الْعَالَمِ حَالَ مَوْلِدِہٖ وَھُوَ وُدُّکَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ○ اَوْلَی اللّٰہُ وَالِدَہٗ کُلَّ الْوَالِدِ وَاُمَّہٗ کُلَّ الْاُمِّ وَاٰلَہٗ کُلَّ الْاٰلِ وَعَلٰی وَالِدِہٖ وَاُمِّہٖ وَاٰلِہٖ وَالْمَوْلٰی عَلِیٍّ وَّوَلَدَیْ عَلِیٍّ وَّاُمِّھِمَا ○ وَمُحْیِ الْاِسْلَامِ وَاٰلِہٖ وَوَالِی الْاِسْلَامِ وَاٰلِہٖ وَاَحْمَدَ وَلِیِّ اللّٰہِ وَحَوَارِیِّ وَلِیِّ اللّٰہِ وَاٰلِہٖ وَکُلِّ اُمَمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

3

ﷺ کُلَّ الْحَالِ ○

مراد: اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامی والا ہے اے ہمارے واحد اللہ ساری حمد اللہ ہی کے لئے ہے واحد اللہ ہی الٰہ ہے، وہی مکرر درود وسلام ہمارے مولیٰ اللہ کی مراد کے لئے ہو کہ اللہ درود وسلام وارد کئے دراں حال کہ اللہ وارد کئے اللہ کی موہ اللہ کے کلام صر محمداً سے کہ اس کا دائمی حمد لا الہ الا اللہ ہے اور اللہ کا کلام محمد رسول اللہ ہے اور وہ درود وسلام مکرر وارد ہو کہ سارا عالم اس کے مولد کے لمحہ درود وسلام وارد کئے اور وہ اللہ کی موہ محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اللہ اولیٰ کئے اس رسول کے والد کو سارے والد سے اور ماں کو ساری ماؤں سے اور آل واولاد کو ساری آل واولاد سے اور (درود وسلام) اس رسول کے والد کے لئے ہو اور ماں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں کے لئے ہو اور مولیٰ علی کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام کے محی کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اسلام کے مددگار کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو اور احمد ولی اللہ کے لئے ہو اور ولی اللہ کے ہم دموں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری امم کے لئے ہو ہر دم۔

4

توضیحی ترجمہ: اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی دینے والا ہے۔

اے ہمارے یکتا اللہ تیرے ہی لئے تمام تعریف ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو خوب خوب دوبارہ وہی درود وسلام میرے مولیٰ اپنی چاہت پر نازل فرما جو درود وسلام تو نے اپنے کلام کن محمداً سے اپنی محبت کو ظاہر کرنے کے وقت بھیجا جن کی دائمی حمد لا الہ الا اللہ ہے اور تیرا کلام محمد رسول اللہ ہے اور تو پھر وہی درود وسلام میرے مولیٰ اپنی چاہت پر نازل فرما جو درود وسلام سارے جہان نے تیرے حبیب ﷺ کی ولادت کے وقت بھیجا اور وہ تیری محبت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) کو تو نے تمام والد میں عظمت والا بنایا اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا) کو تمام ماؤں میں عظمت والا بنایا اور جن کی آل واولاد کو تمام آل واولاد میں عظمت والا بنایا اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی کے دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین کریمین کی والدہ خاتون جنت سیدہ بی

5

بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے سارے امتیوں پر ہر دم۔

فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (۲۵)

یہ ''سلام محمدی ﷺ چہل میم'' جو کہ چالیس میم کے ساتھ بغیر نقطے والے حروف پر مشتمل ہے اِس کا ترجمہ بھی غیر منقوط ہے جس کو سمجھنے کے لئے توضیحی ترجمہ شامل ہے جو شخص اس درود کو روزانہ ۱۲/۴۰ بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ ورسول کی محبت اور خوشنودی حاصل ہوگی اور وہ روحانی کمالات، صالحین وصادقین کے فیضان اور ہدایت دائمی سے مستفیض ہوگا وہ دہر وقبر وحشر کی جملہ مصیبتوں سے محفوظ ہو کر نبی کریم ﷺ کی قربت خاص سے فیضیاب ہوگا، اس کی ہر دعا قبول ہوگی، اور ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Mo. 9695435877